*ایف آئی اے ساؤتھ زون پریس ریلیز *

ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے، جناب ڈاکٹر ثناءاللہ عباسی صاحب نے آج مورخہ)2022-01-01(بروز ہفتہ ایف آئی اے زونل ہیڈ کوارٹرز سندھ کا دورہ کیا۔

،اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ساؤتھ زون شکیل درانی صاحب، قائم مقام ڈائریکٹر سندھ زون 1 جناب ڈاکٹر فاروق احمد صاحب ڈائریکٹر سندھ زون 2 نوید نثار خواجہ صاحب اور سندھ زون ون کے تمام سرکل سربراہان نے شرکت کی جبکہ پورے پاکستان سے ،تمام ڈائریکٹرز اور سرکل سربراہان نے بذریعہ زوم میٹنگ شرکت کی

قائم مقام

ڈایئریکٹر ایف آئی اے سندھ زون ون جناب ڈاکٹر فاروق احمد صاحب نے اس حوالہ سے ڈایئریکٹر جنرل ایف آئی اے کو تفصیلی - بریفنگ دی اور متعلقہ سرکل سربراھان نے جائزہ پیش کیا

ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے نے حال ھی میں ہونے والی حوالہ ہنڈی اور امریکی ڈالر کی اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف -کارروائیوں کا بھی جائزہ لیا اور اس میں مزید تیزی لانے کی ہدایت کی

ڈایئریکٹر جنرل ایف آئی اے نے سپریم کورٹ آف پاکستان کی ھدایت پر متروکہ وقف املاک بورڈ کے خلاف جاری تحقیقات اور - مقدمات کا بھی جائزہ لیا اور آڈٹ پیرا کی روشنی میں جاری تحقیقات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ھدایات دیں

ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے نے مالیاتی اداروں کی جانب سے جاری کردہ مشتبہ ٹرانزیکشن رپورٹس کا بھی جائزہ لیا اور ان پر بلا تاخیر کارروائی اور جلد از جلد ان کو منطقی انجام)بشمول مقدمات کے اندراج (تک پہنچانے کی ھدایت کی۔

ڈائریکٹر جنرل نے زیر التواء مقدمات کا بھی جائزہ لیا اور پرانے مقدمات کے چالان جلد از جلد متعلقہ عدالتوں میں جمع کرانے کی تاکید فرمائی۔

ترجمان ایف آئی اے سندھ